NEW YORK STATE | Department of Health | Medicaid NYRx

NYS Medicaid فارمیسی مراعات کے بارے میں مختصر معلومات

ذیل میں آپ کے لیے ضروری معلومات دی گئی ہیں:

- **NYRx** جو کہ Medicaid فارمیسی پلان ہے، آپ کو نسخے فراہم کرتا ہے۔
- اپنے نسخے حاصل کرنے کے لیے آپ اپنا **Medicaid آئی ڈی کارڈ** یا اپنا **ہیلتھ پلان کارڈ** استعمال کر سکتے ہیں۔
- نیویارک میں زیادہ تر فارمیسی NYRx قبول کرتی ہیں۔ **یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کی فارمیسی ایسا کرتی ہے health.ny.gov/NYRx کو چیک کریں۔**
- زیادہ تر ادویات اور سپلائیز، بشمول ذیابیطس ٹیسٹ اسٹرپس، NYRx کے تحت دستیاب ہیں۔ **یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کی ادویات اور سپلائیز کا احاطہ کیا جاتا ہے یا نہیں، چیک کریں: health.ny.gov/NYRx** یا یہ کہ انہیں آپ کے ڈاکٹر سے منظوری درکار ہو گی۔

اگر آپ Medicaid مینیجڈ کیئر پلان میں اندراج شدہ ہیں، تو NYRx اپنے Medicaid ممبران کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ کے پاس اپنی NYRx مراعات کے بارے میں سوالات ہیں، تو **NYS Medicaid Helpline:**

(800) 540-2831

پر کال کریں۔
یا ملاحظہ کریں:

health.ny.gov/NYRx

آپ نیچے دیئے گئے QR کوڈ کو بھی اسکین کر سکتے ہیں۔

مختصر حقائق

NYRx کیا ہے؟

NYRx کے ذریعے، NYS Medicaid آپ کے ہیلتھ پلان کو ادائیگی کرنے کے بجائے قیمت کی ادائیگی براہ راست فارمیسی کو دے کر آپ کی ادویات اور سپلائیز کا احاطہ کرتا ہے۔

کیا مجھے نئے ہیلتھ پلان آئی ڈی کارڈ کی ضرورت ہے؟

نہیں، آپ کو NYRx کے لیے نئے آئی ڈی کارڈ کی ضرورت نہیں ہے۔ فارماسسٹ آپ کا قابل قبول ہیلتھ پلان یا Medicaid آئی ڈی کارڈ استعمال کر سکتا ہے۔

اگر میری فارمیسی NYRx قبول نہیں کرتی۔ تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کی موجودہ فارمیسی NYRx قبول ***نہیں کرتی***، تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- اپنے فارماسسٹ سے قبول کرنے والی فارمیسی کی جانب منتقلی کے بارے میں کہیں۔
- اپنے ڈاکٹر سے اپنے نسخے قبول کرنے والی فارمیسی کو بھیجنے کو کہیں۔

اگر میری ادویات اور/یا سپلائیز کو میرے ڈاکٹر سے منظوری درکار ہو، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کی ادویات اور/یا سپلائیز کو آپ کے ڈاکٹر سے منظوری درکار ہو، تو آپ:

- منظوری کی درخواست کے بارے میں اپنے ڈاکٹر سے بات کریں؛ یا
- اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے متبادل ادویات اور/یا سپلائیز کے بارے میں بات کریں جن کے لیے منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی۔

NEW YORK STATE
Medicaid NYRx
Department of Health

سوالات ہیں یا مزید جاننا چاہتے ہیں؟

دائیں جانب QR کوڈ کو اسکین کریں۔
یا **NYS Medicaid Helpline** سے رابطہ کریں، بذریعہ: **(800) 541-2831**
ہلپ لائن کے اوقات کار: **پیر - جمعہ، صبح 8 - شام 8 بجے تک، بروز ہفتہ صبح 9 - دن 1 بجے تک**